R.O_Khuzdar!

با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

WWW.Dailysahafatquetta.com

جلد نمبر 36 | بروز بدھ 11 مارچ 2026ء / 21 رمضان المبارک 1447ھ / قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 70

وفاقی محتسب خضدار کی مداخلت، مستحق خاتون کو 14,500 روپے دلوا دیے گئے

بی آئی ایس پی فنڈز میں تاخیر کا معاملہ، محتسب کے حکم پر رقم جاری

خضدار (رپورٹ / رمضان لاسی) وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی بڑی کامیابی بی آئی ایس پی کی مستحق خاتون کو رکا ہوا فنڈ دلوا دیا گیا۔ وفاقی محتسب کے بروقت حکم پر محلہ صالح آباد کی رہائشی بی بی شہزادی کو 14,500 روپے جاری، عوامی حلقوں میں ادارے کی کارکردگی کی پذیرائی۔ خضدار وفاقی محتسب پاکستان کے ریجنل آفس خضدار نے عوامی شکایات کے ازالے اور غریب طبقے کو فوری انصاف کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ وفاقی محتسب کی خصوصی مداخلت اور سخت احکامات کے نتیجے میں بینظیر کفالت پروگرام کے تحت ایک مستحق خاتون کے رکے (باقی صفحہ 6 نمبر 10)

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوئے فنڈز واگزار کرا لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق، خضدار کے علاقے محلہ صالح آباد کی رہائشی مسمات بی بی شہزادی نے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ خضدار میں شکایت درج کرائی تھی کہ وہ بینظیر کفالت پروگرام (BISP) کی قانونی طور پر اہل ہونے کے باوجود اپنے فنڈز کے حصول میں شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے موقف اختیار کیا تھا کہ بار بار متعلقہ دفاتر کے چکر لگانے کے باوجود انہیں 14,500 روپے کی رقم جاری نہیں کی جا رہی تھی، جس سے وہ شدید مالی پریشانی کا شکار تھیں۔ وفاقی محتسب نے شکایت موصول ہوتے ہی معاملے کا فوری نوٹس لیا اور متعلقہ حکام کو جواب طلبی کے نوٹسز جاری کیے۔ ریجنل آفس خضدار میں کیس کی باقاعدہ سماعت اور وفاقی محتسب کے دوٹوک موقف کے بعد بی آئی ایس پی انتظامیہ نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے مذکورہ خاتون کے نام 14,500 روپے کا فنڈ فوری طور پر جاری کر دیا۔ رقم کی وصولی پر درخواست گزار بی بی شہزادی نے وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "وفاقی محتسب غریبوں کے لیے امید کی ایک کرن ہے، جہاں بغیر کسی سفارش اور خرچے کے ہمیں انصاف ملا۔ ریجنل انچارج وفاقی محتسب خضدار نے اس موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف غریب اور بے سہارا عوام کی ڈھال ہے۔ وفاقی محتسب کے احکامات کی روشنی میں خضدار اور گرد و نواح کے عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ کسی بھی شہری کی حق تلفی نہ ہو۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وفاقی محتسب خضدار کی اس کامیابی کو سراہتے ہوئے اسے غریب پرور اقدام قرار دیا ہے۔